Studybeesofficial

*Where Minds Pollinate*

# Urdu Grammar

# اصناف نثر

**Follow Our Socials**
studybeesofficial
studybeesofficialpak
studybeesofficialpak

CamScanner

# اصنافِ نثر / نثر کی اقسام

**نثر کی تعریف:-** بہترین الفاظ کو سادہ مگر ایک عمدہ طریقے سے بیان کرنا نثر کہلاتا ہے۔

(i) **داستان:-** داستان کے لغوی معنی دو قصہ، کہانی یا حکایت کے ہیں۔
اصطلاح میں داستان وہ قصہ یا کہانی ہے جس کی بنیاد تخیل (خیالی) یا مافوق الفطرت عناصر پر ہو۔ داستان افسانوی ادب کی بہت قدیم صنف ہے۔ اس کے کردار عام طور پر خیالی ہوتے ہیں اور زبان میں تکلف سے کام لیا جاتا ہے۔

(ii) **لوک کہانی:-** لوک کہانی مقامی یا علاقائی کہانی ہوتی ہے جو تحریری شکل میں نہیں لکھی ہوتی ہے۔ یہ کہانیاں سینہ بہ سینہ ایک نسل سے دوسری میں منتقل ہوتی ہیں۔
لوک کہانیاں کسی علاقے کی تہذیبی، اخلاقی اور معاشرتی روایات کا **عکس** ہوتی ہیں۔

studybeesofficial

CS CamScanner

تاریخ: ـــــ ـــــ ـــــ

(iii) **افسانہ:** افسانہ جسے انگریزی میں "Short Story" کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ افسانہ میں زندگی کے کسی ایک واقعہ یا پہلو کو پیش کیا جاتا ہے۔ افسانہ میں **وحدتِ تاثر** پایا جاتا ہے۔ یعنی افسانہ میں زندگی کا ایک حصہ پیش کیا جاتا ہے۔ افسانہ سے مراد ایسی مختصر کہانی ہے جو ایک ہی نشست میں پڑھی جا سکتی ہے۔

(iv) **ناول:** ناول "اطالوی" زبان کا لفظ ناولا (Novella) سے ماخوذ ہے جس کے لغوی معنی "**انوکھا، نیا یا عجیب**" کے ہیں۔ اصطلاح میں ناول وہ قصہ یا کہانی ہے جس کا موضوع انسانی زندگی ہو اور ناول نگار زندگی کے مختلف پہلوؤں کا مکمل اور گہرا مشاہدہ کرنے کے بعد ایک **سلیقے** سے پیش کرتا ہے۔ ناول میں حقیقت نگاری بنیادی چیز ہے۔ ناول کے عناصر ترکیبی میں کہانی، پلاٹ، کردار، مکالمہ نگاری، موضوع، منظر نگاری شامل ہیں۔

تاریخ: ________

(v) ڈرامہ / ڈراما: ڈرامہ "یونانی" زبان کے لفظا "ڈراو" (Drao) سے ماخوذ ہے جس کے لغوی معنی کر کے دکھانا ہے۔

اصطلاح میں ڈراما سے مراد ایسی کہانی ہے جس کو مکالمہ کی صورت میں کرداروں کے ذریعے "اسٹیج" پر پیش کیا جائے۔

ڈراما کی اقسام: دو اقسام ہیں۔

(i) طربیہ ڈراما: وہ ڈراما جس میں ہنسی مذاق کے ذریعے سماج کی کمزوریوں سے پردہ اٹھایا جائے۔

(ii) المیہ ڈراما: وہ ڈراما جس میں پیش ہونے والے واقعات تکلیف دہ ہوں اور اس کا انجام بھی المیہ ہو۔

ڈرامے کے اجزاء میں "پلاٹ"، کردار نگاری، مکالمہ نویسی، ارتقائی عمل، کشمکش، اسٹیج، اور اختتامی عمل شامل ہیں۔

(vi) سفر نامہ: سفر نامہ سفر کے تاثرات اور حالات پر مشتمل ہوتا ہے سفر نامہ سے مراد

studybeesofficial

CamScanner

تاریخ: ______

ایسی ادبی تحریر جس میں سفرنامہ نگار اپنے کسی سفر کی روداد بیان کرے اور سفر کے احوال کا تفصیلی ذکر کرے۔ سفرنامہ نگار کے لیے کسی علاقے کی تاریخ، تہذیب و ثقافت سے آگاہی اور وہاں کی معاشرتی روایات کا علم ہونا ضروری ہے۔

(vii)

**مضمون:** مضمون کے لفظی معنی "ضمن میں لینا یا مطلب و مفہوم واضح کرنا" کے ہیں۔ اصطلاح میں مضمون سے مراد کسی متعین موضوع پر اپنے خیالات، جذبات اور احساسات کو مربوط انداز میں تحریر کرنا ہے۔ مضمون نگار کے لیے ضروری ہے کہ وہ جس موضوع پر مضمون لکھے اس کے لیے ضروری مواد جمع کرے اور اپنی بات دلائل کے ساتھ بیان کرے۔

مضمون کے تین (3) حصے ہیں۔

1- تمہید
2) نفسِ مضمون
3) اختتامیہ

studybeesofficial

CamScanner

تاریخ: ____

(viii) **انشائیہ:-** انشائیہ سے مراد وہ مختصر تحریر ہے جس میں انشائیہ نگار زندگی کے متعلق کسی بھی موضوع پر **شگفتہ اور بے ساختہ** انداز میں اظہار کرتا ہے۔ انشائیہ میں **انشائیہ نگار** کی **ذات** سب سے **اہم** ہوتی ہے۔ وہ گفتگو کے انداز میں اپنی ہر بات واضح کرتا چلا جاتا ہے اور اپنی ذاتی سوچ کو سامنے لاتا ہے۔

(ix) **تنقید:-** تنقید کا لفظ عربی زبان کے لفظ "**نقد**" سے بنا ہے جس کے معنی "**پرکھنے** یا **کھرے کھوٹے کو الگ کرنا**" کے ہیں۔ اصطلاح میں کسی ادبی تحریر کی خوبیاں اور خامیاں واضح کرنا، اس پر اپنی رائے دینا اور اس کا مقام و مرتبہ متعین کرنا تنقید کہلاتا ہے۔ تنقید کرنے والے کو نقاد کہتے ہیں اور نقاد غیر جانب دار ہوتا ہے کیونکہ تنقید کا مقصد کسی بھی ادبی تحریر کے دونوں پہلوؤں کا جائزہ لینا ہے۔

studybeesofficial

CS CamScanner

تاریخ: ___ ___ ___

(10) **مقفیٰ نثر:** مقفیٰ نثر ایسی نثر کو کہا جاتا ہے جس میں ہم قافیہ (ہم آواز) الفاظ استعمال کیے جائیں
مثلاً:
کس آرام سے اس بیر لو میں کے جال میں پھنسے (حال)

(11) **تلخیص نگاری:** تلخیص نگاری کو مختصر نویسی بھی کہتے ہیں انگریزی میں اسے Precis (Presay) کہا جاتا ہے
اصطلاح میں کسی طویل عبارت، تحریر یا تقریر کو اس کی اصل طوالت سے کم کر کے تحریر کرنا تلخیص کہلاتا ہے تلخیص اصل عبارت کا عموماً ایک تہائی 1/3 ہوتی ہے

(12) **خاکہ / شخصی خاکہ:** خاکہ کے لغوی معنی "ابتدائی نقشہ یا ڈھانچہ" کے ہیں۔ اس کے لیے انگریزی زبان میں "Sketch" کا لفظ استعمال ہوتا ہے
اصطلاح میں کسی شخص کی ایسی لفظی تصویر جس سے اس کی **عادات**، خدوخال اور خوبیاں اور خامیاں واضح ہو جائیں اور اسے پڑھ کر ہم اس شخص کے بارے میں ایک تاثر قائم کر سکیں خاکہ کہلاتا ہے۔

studybeesofficial

CamScanner

تاریخ: ______

13) **سوانح عمری:-** اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے حالات زندگی تفصیل سے تحریر کرے اسے سوانح عمری کہا جاتا ہے۔

14) **آپ بیتی:-** اگر کوئی شخص اپنی زندگی کا کوئی واقعہ، قصہ، حادثہ خود تحریر کرتا ہے اسے آپ بیتی کہا جاتا ہے۔

15) **خود نوشت / خود نوشت سوانح عمری:-** اگر کوئی شخص اپنی زندگی کے حالات و واقعات تفصیل سے تحریر کرے اسے خود نوشت کہا جاتا ہے۔

16) **سلینگ:-** کسی پیشے یا طبقے کے لوگ زیادہ تر خیال کرنے کے لیے الفاظ کو لغوی معنوں کے بجائے کچھ اور مخصوص معنوں کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ایسے الفاظ کو سلینگ کہا جاتا ہے۔ مثلاً 1- **بھیگی منڈی** (اجلاس کے دوران ایوان بھیگی منڈی بن گیا)۔

2- **لوٹا کہنا** (سیاسی وفاداری بدل دے)

3- **پنڈی ایکسپریس** (شعیب اختر)

4- **فلائنگ کوچ** (ڈنا بیوڈ)

studybeesofficial

CS CamScanner

تاریخ: ____

17) **خط نویسی / مکتوب نگاری** :- خط عربی زبان کا لفظ ہے جس کے لغوی معنی "تحریر، لکیر، نشان یا مکتوب" کے ہیں۔

دو اشخاص کے درمیان تحریری **رابطہ** خط کہلاتا ہے **یا** خط سے مراد ایسی تحریر ہے جس میں ہم دوسروں کو اپنے جذبات و خیالات سے آگاہ کرتے ہیں۔ خط کو "نصف ملاقات" بھی کہا جاتا ہے۔

**خطوط کی اقسام :-**

1) غیر رسمی **خطوط** : (دوست، احباب، عزیزوں، رشتہ داروں)

2) رسمی **خطوط** : (کاروباری، دفتری، سرکاری)

(i) غیر رسمی خطوط : نجی یا ذاتی خطوط

(ii) رسمی **خطوط** :- (1) ادبی خط

(2) کاروباری / تجارتی خطوط

(3) سرکاری، دفتری خطوط

18) **روداد نویسی** :- روداد **فارسی** زبان کا لفظ ہے جو "حقیقتِ حال" کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

studybeesofficial

CS CamScanner

تاریخ: ____

روداد اُن حالات و واقعات کی تفصیل ہوتی ہے جو کسی شخص کا مشاہدہ یا تجربہ ہو۔

**یا**

روداد تو اسی سے مراد کسی تقریب، جلسہ، میلے یا حادثے کا آنکھوں دیکھا حال ہے۔ روداد کی خوبی اس کا مختصر یا اختصار ہے۔

studybeesofficial

CamScanner